کرنے کے روایتی انداز سے ہٹ کر عسکری علم اور اصطلاحات کے حوالے سے قرآن پاک کی راہ نمائی میں سیرت پاکؐ کو بیان کیا ہے اور عسکری قائد کی حیثیت سے آپؐ کی تصویر پیش کی ہے۔

عنوان کتاب سے گمان گزرتا ہے کہ بدر واحد جیسے غزوات کا تفصیل سے بیان ہو گا۔ مگر نو ابواب کی اس کتاب میں صرف ایک باب (چہارم: ۳۳ صفحات) میں چھوٹے چھوٹے غزوات و سرایا کا ذکر ہے۔ دیگر ابواب میں جنگ کے بنیادی اصولوں' فوجی حکمت عملی' قیادت' یہودیوں کے بارے میں آپؐ کی پالیسی اور اسلام اور امن جیسے بنیادی اور اہم عنوانات پر سیرت اور قرآن کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ ان مباحث سے ہمارے محبوب عسکری قائد کی شخصیت ابھر کر سامنے آتی ہے' مصنف کے الفاظ میں:

"جب ہم آنحضرتؐ کی شخصیت کا موازنہ تاریخ کے دوسرے ممتاز عسکری قائدین سے کرتے ہیں تو ہم آنحضرتؐ کو ان میں سب سے بہتر اور برتر پاتے ہیں۔ چاہے مہم کی منصوبہ بندی ہو' فوجی حکمت عملی ہو یا حکمت عملی پر عمل کرنے کی بات ہو' آپؐ نے بے مثال مستعدی سے اور نہایت موثر انداز میں ان مہمات کو انجام دیا۔ اگر عظمت کا معیار جنگ میں فتوحات سے لگایا جائے تب بھی آنحضرتؐ نے جتنی جنگیں لڑیں' ان میں کوئی جنگ نہیں ہاری۔ آپؐ نے مجموعی طور پر ۲۸ چھوٹی اور بڑی جنگیں لڑیں اور ان سب میں کامیاب ہوئے۔ پچاس مہمات آپؐ کے صحابہ کی سرکردگی میں روانہ کی گئیں اور ان سب میں بھی کامیابی حاصل ہوئی" (ص ۲۹۱)۔

بلاشبہ تاریخ انسانیت' کوئی اور ایسا فوجی سالار پیش کرنے سے قاصر ہے جس نے اتنی مختصر مدت میں ایسی عظیم الشان فتوحات' (اتنے کم جانی ضیاع کے ساتھ) اور اتنی حیرت انگیز کامیابیاں حاصل کی ہوں اور کامیابیاں بھی ایسی کہ انھوں نے تاریخ کا دھارا بدل کر رکھ دیا۔

آج کل کی جہادی فضا میں' نوجوانوں کے لیے یہ ایک لائق مطالعہ کتاب ہے۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں اگر عسکری علوم کا کوئی مضمون شروع کیا جائے تو اس کے لیے یہ ایک مناسب درسی کتاب ہو گی۔ امید ہے اپنی نوعیت کی اس منفرد کتاب کو اہل علم و نظر میں خاطر خواہ قدر و منزلت اور پذیرائی حاصل ہو گی۔ کتاب اچھے معیار پر شائع کی گئی ہے (مسلم سجاد)۔

اسلام جدید دور میں' سلمان حسین خان' ناشر: اسلامک پبلی کیشنز' لاہور۔ صفحات: ۲۵۲۔ قیمت: ۹۶ روپے۔

یہ کتاب اسلامی جمعیت طلبہ کے سابق ناظم اعلیٰ جناب حسین خان کے فرزند سلمان حسین خان کے مختلف مضامین کا مجموعہ ہے' جن میں سے کچھ اخبارات میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔ نوجوان مصنف نے ایسے موضوعات پر قلم اٹھایا ہے جو' ہر دور کے انسان کی دلچسپی اور ضرورت کے ہیں۔ قرآن اور